تعارف کتب

◎ **گفتار مودودی**، مرتبہ: اختر حجازی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۲۱۵۔ قیمت: ۱۳۰ روپے۔ [مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے ۱۴ نومبر ۱۹۶۷ء سے ۱۴ اگست ۱۹۶۸ء کے دوران بالخصوص مغربی پاکستان کے دورے میں جماعت اسلامی کے اجتماعات میں جو تقاریر کیں، یہ ان تقاریر کی رپورٹنگ پر مشتمل ہے۔ ان تقاریر کو ایشیا اور آئین سے اخذ کیا گیا ہے۔ تقاریر میں مولانا مودودی نے دعوتِ دین اور اقامتِ دین کی طرف توجہ دلائی ہے۔ موضوع کی مناسبت سے کتاب کا نام موزوں معلوم نہیں ہوتا۔]

◎ **آسان میراث**، مولانا محمد عثمان نووی والا۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، ST-9E، بلاک ۸، گلشن اقبال، کراچی-۷۵۳۰۰۔ صفحات: ۱۲۲۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ [میراث کے مشکل مسائل اگرچہ مصنف نے اپنی دانست میں آسان کر کے بیان کردیے ہیں۔ بایں ہمہ عام آدمی کے لیے اب بھی انھیں سمجھنا مشکل ہے۔ دینی مدارس کے طلبہ کے لیے بقول مصنف: ایک 'نایاب تحفہ'۔]

◎ **دینی مدارس، تبدیلی کے رجحانات**، خالد رحمٰن، معاونت: سید متقین الرحمٰن، اکرام الحق۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، بلاک ۱۹، مرکز F/7، اسلام آباد۔ صفحات: ۲۴۱۔ قیمت: ۳۷۵۔ [پاکستان کے مختلف دینی مدارس کے متعلقین کے سامنے انسٹی ٹیوٹ نے وہ سوالات رکھے جنھیں دینی مدارس کی فکر، انتظام، حکمت عملی اور نئے تجربات کے بارے میں لوگ جاننا چاہتے ہیں۔ ان جوابات کو زیرتعارف کتاب میں یک جا کیا گیا ہے۔]

◎ **اراکان** (باشندے، سرزمین، تاریخ) سیف اللہ خالد۔ ناشر: ورلڈ اسمبلی آف مسلم یوتھ (وامی) پوسٹ بکس نمبر ۹۱۰۴، دمام، سعودی عرب۔ ملنے کا پتا: حسان خالد، پی او بکس ۵۹۱، کراچی-۷۴۲۰۰۔ صفحات: ۴۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [برما کی شمال مغربی ریاست اراکان جو کبھی روہنگیا مسلمانوں کی آزاد مسلم ریاست تھی، گذشتہ نصف صدی سے فوجی آمریت کے ہاتھوں مظلوم مسلمانوں کا زندان و مقتل بنی ہوئی ہے اور دنیا اس کی حقیقت سے پوری طرح باخبر نہیں۔ مسلمانوں کی نصف سے زائد آبادی ہجرت پر مجبور ہو چکی ہے۔ کتابچہ اراکان کے جغرافیائی احوال، تاریخی پس منظر، روہنگیا مسلمانوں کی جدوجہد آزادی، حکومتی مظالم و جبر بالخصوص قانونِ شہریت جس نے مسلمانوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، کے بعد کی صورت حال پر مبنی ایک اہم اور مختصر دستاویز ہے۔]

◎ **My Personal Planner** [ذاتی منصوبہ ساز]، بشیر جمعہ۔ ناشر: ٹائم مینجمنٹ کلب، پی او بکس ۱۲۳۵۶، گزری، ڈی ایچ اے، کراچی-۷۵۵۰۰۔ ملنے کا پتا: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۵۴۳۴۹۰۹۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [مؤثر شخصیت، کاروبار یا کیریئر کی منصوبہ بندی، نیز متوازن گھریلو اور سماجی زندگی کے لیے عملی رہنمائی۔ مختلف خاکوں کے ذریعے وقت کے بہتر استعمال اور مؤثر کارکردگی کے لیے بجا طور پر ایک گائیڈ بک۔ عام طور پر دستیاب پرسنل پلانرز سے کئی حوالوں سے ممتاز۔ وقت کے بہتر استعمال اور ضیاع اور بہتر مینجمنٹ سے متعلق ابتدا میں مفید مضامین۔]